22660 ـ دوست و احباب کے ساتھ تصویر بنوانی

سوال

کیا اپنے دوست و احباب کے ساتھ تصویر بنوانی حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بلاشك و شبہ ہر ذی روح کی تصویر حرام ہے، بلکہ کبیرہ گناہ میں شامل ہوتی ہے؛ کیونکہ سنت نبویہ میں اس کی شدید وعید ثابت ہے، اور اس لیے بھی کہ اس میں اللہ تعالی کی مخلوق بنانے میں مشابہت ہوتی ہے، اور اس لیے بھی کہ یہ فتنہ کا سبب اور بہت ساری حالات میں شرك کا ذریعہ ہے.

اور گناہ ہر اس شك کو عام ہے جو تصویر خود بنائے یا جسے بنانے کا کہا جائے، اور ہر وہ شخص جو تصویر بنانے میں معاونت کرے یا تصویر بنانے میں سبب ہو؛ کیونکہ یہ سب گناہ میں ایك دوسرے کا تعاون کر رہے ہیں، اور اللہ سبحانہ و تعالی نے ایسا کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے:

(اور تم گناہ اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو) المآئدۃ (2).

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (1 / 454).

اور ایك دوسرے فتوی میں ہے:

" کیمرہ یا دوسرے آلات تصویر وغیرہ کے ساتھ ذی روح کی تصویر بنانی جائز نہیں، اور نہ ہی ذی روح کی تصویر رکھنی جائز ہے، صرف ضرورت والی تصاویر مثلا جو شناختی کارڈ یا پھر پاسپورٹ پر لگی ہوئی ہے، وہ بنوانی اور رکھنی جائز ہے "

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (1 / 458).

واللہ اعلم .